# پناہ گزین کی شرکت ۲:

## شرکت کے لیے کونسی صلاحیتیں درکار ہیں؟

### پس منظر

پناہ گزین کی شرکت کو مختلف نام دیئے جاسکتے ہیں، جیسے کہ 'تجربے کی بنیاد پر ماہرین؛ یا 'صارف کی شمولیت'۔ یہ واضح کرتا ہے کہ کسی مخصوص تجربے سے گزرنے والے افراد خود کو معاونت فراہم کرنے والی سہولیات کو کس طرح تشکیل دے سکتے ہیں۔

### شرکت کیوں کی جائے؟

شرکت کی سرگرمیوں کے ذریعے، آپ اپنی صلاحیتوں کو ترقی دے سکتے ہیں اور بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں کہ سہولیات کس طرح کام کرتی ہیں۔ آپ کے پاس ایسی معلومات وافر مقدار میں موجود ہے جسے آپ تنظیموں کی طرف سے پناہ گزین کی کمیونٹیوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کی معلومات اور تجربے کی بدولت ان کی سہولت کی فراہمی کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔

شرکت کی بدولت آپ اپنی خوداعتمادی میں اضافہ کر سکتے ہیں، پناہ گزین کی سہولیات کو پس پردہ دیکھ سکتے ہیں، اور اپنی کمیونٹیز کی طرف سے آواز اٹھا سکتے ہیں۔ آپ مواصلت، دوسروں کی بات سننا، پبلک اسپیکنگ، تحریر، قیادت کی صلاحیتیں، وغیرہ جیسی کئی صلاحیتوں کی مشق کر سکتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کسی فلاحی کام کا حصہ بننا چاہیں جس میں آپ پناہ گزین کی کمیونٹیوں کی زندگیاں بہتر بنانے کے متعلق پرجوش محسوس کریں یا نئی صلاحیتیں حاصل کرنا چاہیں۔ ممکن ہے کہ کچھ ادارے آپ سے اس وجہ سے شامل ہونے کی درخواست کریں کیونکہ آپ کے پاس کوئی خاص صلاحیت ہے یا کیونکہ وہ پناہ گزین کی آوازیں شامل کرنا چاہتے ہیں۔

### شرکت کس طرح کام کرتی ہے؟

ممکن ہے کہ آپ سے پناہ گزین کا شرکت کنندہ بننے کے لیے ایپلی کیشن مکمل کرنے کو کہا جائے یا آپ سے مخصوص صلاحیتیں رکھنے کو کہا جائے۔ یہ ضروریات کئی پیشہ ورانہ عہدوں کے لیے معیاری ہیں اور یہ ثابت کرنے کا طریقہ ہیں کہ آپ یہ ذمہ داری سنبھال سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ سے مندرجہ ذیل کی درخواست کر سکتے ہیں:

- مخصوص دورانیے اور شرکت کے اوقات رکھنے والے عہدے کا پابند ہونا
- ادارے سے رابطہ برقرار رکھنا
- سیکھنے کے لیے تیار ہونا
- یہ بات قبول کرنا کہ لوگ مختلف ثقافتوں اور مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں
- اپنے رابطے کی تفصیلات شیئر کرنا
- ریفرینس کے رابطے کی تفصیلات فراہم کرنا۔ ریفرینس کوئی ایسا دوست، سابق رفیق کار یا کوئی دوسرا شخص ہو سکتا ہے جو آپ کو جانتا ہے
- مملکت متحدہ میں پناہ گزین کے طور پر اپنی زندگی کا تجربہ شیئر کریں، لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ آپ کے لیے کبھی بھی کوئی ایسی معلومات شیئر کرنا ضروری نہیں ہے جسے شیئر کرنے میں آپ کو آرام محسوس نہ ہو
- کچھ حد تک انگریزی بولنے کی صلاحیت رکھیں (ایک مخصوص سطح تک) لیکن ممکن ہے کہ دوسرے مقامات ترجمان کا انتظام کریں
- DBS (پولیس چیک) کی سند حاصل کریں

This project is co-funded by the European Union Asylum, Migration and Integration Fund. Making management of migration flows more efficient across the European Union.

تنظیمیں آپ کو ان اقدام کے حوالے سے معاونت فراہم کر سکتی ہیں۔ آپ کو ایپلی کیشن ڈالنے سے پہلے ٹیم کے ارکان سے بات کرنے کا موقع ملے گا اور وہ آپ کے سوالات کا جواب دے سکتے ہیں۔

کسی شرکت کے موقع کی ایپلی کیشن ڈالنے کے بعد، تربیت کے لیے ایک میٹنگ منعقد کی جائے گی جس میں آپ کو آپ کی ذمہ داریاں سمجھائی جائیں گی اور آپ کو اس عہدے کے متعلق تربیت بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔ کچھ جگھوں پر وہ آپ کو آئی ٹی کے آلات اور انہیں استعمال کرنے کی تربیت بھی فراہم کرتے ہیں۔

یاد رکھیں، آپ سرگرمیوں سے وابستہ تمام اخراجات، جیسے کہ سفری اخراجات یا ڈیٹا کے اخراجات کا مطالبہ کر سکیں گے، لیکن آپ کو اپنے پیسے خرچ کرنے سے پہلے معلوم کرنے کی ضرورت ہوگی کہ کیا ان کی کوریج موجود ہے۔ آپ کو مراعات بھی فراہم کی جا سکتی ہیں، یہ مالی یا غیرمالی شکل میں ہو سکتی ہیں۔

## شرکت کرنے سے قبل کیا اقدام کرنے چاہیے؟

اگر یہ عہدہ مملکت متحدہ میں بحیثیت پناہ گزین آپ کے تجربے کی بنیاد پر آپ کی آراء حاصل کرنے کے لیے بنایا گیا ہے تو شرکت کے کسی بھی پراجیکٹ میں شمولیت بہت آسان ہونی چاہیے۔

یاد رکھیں کہ کسی بھی موقع کے لیے سائن اپ کرنے سے قبل آپ دستیاب عہدوں کے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، سرگرمیاں کب اور کہاں منقعد ہوتی ہیں، کس تعدد کے ساتھ؟ کیا سفر کرنا ضروری ہوگا؟ آپ اور آپ کی کمیونٹی کو کیا فوائد پہنچیں گے؟ انگریزی زبان کی کیا سطح ضروری ہے اور کیا وہ ترجمانی کی سہولت فراہم کرتے ہیں؟ کیا وہ بچوں کی دیکھ بھال کے خرچے اٹھاتے ہیں؟

سائن اپ کرنے سے قبل آپ کو اس بات پر بھی غور کرنا ہوگا کہ کیا آپ کے پاس اس عہدے کے لیے وقت ہے۔

## شرکت کے کیا فوائد ہیں؟

١. مواصلت کی صلاحیتوں میں اضافہ:
- شرکت سے آپ کی انگریزی زبان کی مہارت بہتر ہو سکتی ہے، جس کی بدولت آپ نہ صرف اپنی ذمہ داریوں کے دائرہ کار میں اضافہ کر سکیں گے بلکہ آپ متنوع ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں میں اور اپنے روابط میں بات کر سکیں گے۔
- آپ کو سننے اور پبلک اسپیکنگ کی صلاحیتوں میں تربیت مل سکتی ہے۔
- تاہم اگر آپ کو انگریزی کلاسوں کی تلاش ہے تو آپ کو یہ کلاسیں یہاں مل سکتی ہیں یارک شائر اور ہمبر میں انگریزی سیکھنے کی ویب سائٹ

٢. خبریں، رہنمائی اور مملکت متحدہ میں زندگی کے متعلق باخبر رہیں:
- آپ گفتگو کے نیٹورکس میں شامل ہونے، اور پناہ گزین کے انضمام اور پناہ گزین کی کمیونٹیوں سے وابستہ موضوعات کی تشہیر کرنے والی تنظیموں سے خبریں اور اپ ڈیٹس حاصل کرنے کے لیے سبسکرائب کرنے کے مقصد سے اپنے مقامی پناہ گزین کے ادارے تلاش کر سکتے ہیں۔

٣. جبری ہجرت سے گزرنے والے افراد سے سیکھیں اور پناہ گزین کمیونٹیوں کی طرف سے آواز اٹھائیں:
- آپ پناہ گزین کو وسیع پیمانے پر اپنے خدشات بحفاظت بیان کرنے میں معاونت فراہم کرنے والی تنظیموں کی طرف سے ٹول کٹس اور رہنمائی کتابچے دیکھ سکتے ہیں: جیسے کہ **تارکین وطن کی بہبود کے لیے مشترکہ کونسل (The Joint Council for the Welfare of Immigrants)**، اور **پراجیکٹ کی معلوماتی شیٹس( CRÈME Project Info Sheets)**، اور **OnRoad Media**

٤. کہانی سنانے یا پناہ گزین کے متعلق کوئی حقیقت شیئر کرنے کے لیے میڈیا سے بات کریں:
- آپ مفت تربیت میں شرکت کر سکتے ہیں اور معلوم کر سکتے ہیں کہ پناہ گزین کے میڈیا اور وکالت میں کون کام کرتا ہے، جیسے کہ **IMIX**، اور **Refugee Action**

۵. اپنی کمیونٹی اور مقامی تنظیموں کا ساتھ دیں۔

- شرکت کرنے سے آپ تنظیموں کو یہ سمجھنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ گھر چھوڑنے پر مجبور ہونا کیسا محسوس ہوتا ہے اور اس کی بدولت آپ کے بعد آنے والوں کو فراہم کردہ سہولیات کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔
- ادارے، بشمول خیراتی ادارے، اپنا کام کرنے کے لیے کمیونٹی کے اراکین کی معاونت پر انحصار کرتے ہیں۔